SCUOLA DELL'INFANZIA

نرسری کے بچوں کیلئے

فیمیلیز کیلئے کورونا وائرس کی وباء سے متعلق چند اہم معلومات

سکول میں واپسی کیلئے قوانین

بچوں/بچیوں/نوجوانوں/ والدین اور دیگر بڑوں کو سکول میں داخل اور حاضر ہونے کیلئے ضروری ہے۔ کہ

(1) کھانسی، گلے کی سوزش، سانس کی دشواری نہ ہو، یا بخار 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ نہ ہو۔ اور پچھلے تین دِن تک یہ علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں۔

(2) پچھلے چودہ دنوں میں کوآرانٹائن یا بیماری کی وجہ سے گھر میں آئسولیشن میں نہ رہا ہو۔

(3) پچھلے چودہ (14) دنوں میں ایسے افراد سے ملاقات نہ ہوئی ہو جو کورونا وائرس کی وباء سے پوزیٹو ہوئے ہوں۔

سکول جانے سے پہلے گھر میں ان چیزوں کو مدِنظر رکھیں

چیک کریں کہ آیا کہ آپ کے بچے/ بچی کو گلے میں درد یا بیماری کی دوسری علامات تو نہیں ہیں۔ جیسے کہ

- کھانسی، اسہال، سردرد، قے (اُلٹی آنا)، یا پٹھوں میں درد۔ اگر بچے/ بچی کی صحت ٹھیک نہ ہو، اور وہ سکول نا جاسکتا ہو تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- روزانہ صبح بچے/ بچی کا بخار چیک کریں اگر 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو تو وہ سکول نہیں جاسکتا۔
- اگر آپ کا بچہ/ بچی بیماری کی وجہ سے غیر حاضر ہے تو آپ کو سکول کو مطلع کرنا ہوگا۔
- اگر سکول میں آپ کے بچے/ بچی کی طبیعت خراب ہو تو سکول کو ایسے افراد کے بارے میں بتایا جائے جن کے ساتھ سکول والے رابطہ کرسکیں اور آگاہ کرسکیں۔ ایسے افراد کا نام، گھر کا فون نمبر، موبائل نمبر، یا کوئی اور معلومات جن سے ان افراد کے ساتھ جلد سے جلد رابطہ ہو سکے۔ ایک ایسے نوجوان فرد کو ضرورت کے وقت ہمیشہ دستیاب رہنا چاہئے جو کہ ضرورت کے وقت سکول پہنچنے کے قابل ہو۔
- سکول میں کھلونے یا دوسرا مواد گھر سے لانا منع ہے۔ اپنے بچوں/ بچیوں کو یہ تمام باتیں آرام سے اور پیار سے سمجھائیں۔
- سکول میں آنے والی تمام تبدیلیوں کے بارے میں اپنے بچوں/ بچیوں کو بتائیں اور سمجھائیں۔ جیسا کہ اساتذہ کا ماسک اور حفاظتی انتظام کرنا، بخار چیک کرنا، والدین کا کلاس میں داخل ہونے پر پابندی ہونا۔

اپنے بچوں/ بچیوں کو صفائی اور جراثیم سے محفوظ رہنے کا طریقہ کار سکھائیں

ہاتھ دھونے کا درست طریقہ اپنے بچوں کو سکھایئے کہ کب اور کیسے ہاتھ دھونے ہیں مثلاً

- فوراً جب گھر واپس آئیں، کھانسی یا چھینک آنے کے بعد، کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں، واش روم استعمال کرنے کے بعد اور انہیں سمجھائیں کہ یہ سب کتنا ضروری ہے۔
- اُن کو بتائیں کہ کبھی بھی ٹونٹی (نل) سے ڈائریکٹ پانی نہ پیئیں۔
- اُن کو بتائیں کہ ٹشو پیپر استعمال کرنے کے بعد فوراً پھینک دیں۔
- پیر کے دن اپنے بیگ میں صرف سکول کا ضروری سامان رکھیں اور ایک ٹشو پیپر کا اضافی پیکٹ رکھیں۔

سکول کے قوانین جِن کا احترام کرنا ہے جو کہ سب کی حفاظت اور بہتری کیلئے ہیں

- تمام بچوں/ بچیوں کا سکول میں داخلے کا وقت صبح 08.00 سے 09.00 بجے تک کا ہے۔ 09.00 بجے کے بعد سکول کا گیٹ بند ہو جائیگا۔ اور سکول میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ صرف کسی میڈیکل وزٹ کی وجہ سے تاخیر ہو تو سکول میں داخلہ کی اجازت ہوگی مذکورہ اوقات کے آخری لمحے میں سکول نہ پہنچیں کیوں کہ داخل ہونے سے پہلے آپ کو انتظار کرنا پڑ سکتا ہے
- بچوں/ بچیوں کو سکول چھوڑنے کیلئے والدین میں سے صرف ایک فرد یا ایک نوجوان فرد آئے جس کیلئے لازمی ہوگا کہ وہ ماسک پہن کر آئے اور جتنی دیر وہ وہاں رکے گا اس کیلئے ماسک پہننا لازمی ہوگا۔
- بچوں/ بچیوں اور ان کے ہمراہ سکول چھوڑنے والے احباب کو لازمی طور پر داخل ہونے اور باہر نکلنے والے راستوں پر عمل کرنا ہوگا اور دوسروں سے کم از کم 1 میٹر کا فاصلہ رکھنا ہوگا۔
- بچوں/ بچیوں کو سکول چھوڑنے والے افراد ضرورت سے زیادہ وقت تک وہاں پر نہیں رک سکتے اور نہ ہی وہ کسی بھی صورت میں کلاس سیکشن میں داخل ہو سکتے ہیں۔
- سکول میں داخل ہونے سے پہلے بچے/ بچی کا اور ساتھ آنے والے فرد کا بخار چیک کیا جائیگا اگر دونوں میں سے کسی ایک کا بخار 37.5 سینٹی گریڈ کے برابر یا زیادہ ہو تو بچے/ بچی کو سکول میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ اور بچے/ بچی کے ہمراہ آنے والے فرد کو بچے/ بچی کو واپس گھر لے جانا ہوگا اور ڈاکٹر سے رابطہ کرنا ہوگا اور ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔
- سکول سے کسی بھی بیماری کی صورت میں 3 دِن سے زیادہ دن کی غیر حاضری پر آپ کا بچہ صرف ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ پیش کر کے سکول واپس جاسکتا ہے۔